بینک دولت پاکستان
شعبۂ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ای سرکلر نمبر10 برائے2018ء | 19اکتوبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز
زرِمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز

محترم / محترمہ،

بینک دولت پاکستان کے شعبہ مبادلہ پالیسی اور ایس بی پی-بی ایس سی (بینک) کے شعبہ زرِمبادلہ آپریشنز کے دائرہ کار کی تشکیلِ نو

اس غرض سے کہ زرِمبادلہ سے متعلق مجاز ڈیلروں کی درخواستوں پر کارروائی کو منضبط کیا جائے، شعبہ مبادلہ پالیسی اور شعبہ زرِمبادلہ آپریشنز کے دائرہ کار کی تشکیلِ نو کی گئی ہے۔ چنانچہ ان کے متعلقہ دائرہ کار بیان کرنے والی دو جامع فہرستیں بطور ضمیمہ 'الف' اور 'ب' منسلک ہیں۔

مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ان ضمیمہ جات میں بتائے گئے کاموں سے متعلق خط وکتابت 'فارن ایکسچینج مینوئل-2018ء' کے باب 1 کے پیرا 6 میں دی گئی ہدایات کے مطابق متعلقہ شعبے کے ڈائریکٹر / سربراہ کے نام پر کریں۔

جو معاملات موجودہ قواعد / ضوابط سے رعایت (رعایتوں) سے متعلق، یا پالیسی کے نقطۂ نظر سے تشریح کے محتاج ہوں وہ حسبِ سابق شعبہ مبادلہ پالیسی کو ارسال کیے جائیں۔

مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ ہدایات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں۔

منسلکہ:
ضمیمہ الف
ضمیمہ ب

آپ کا مخلص

(ارشد محمود بھٹی)
ڈائریکٹر